Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ ، 10 ستمبر 2025ء، 16 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 161

پاکستان قازقستان کا دوطرفہ تجارت بڑھانے پر اتفاق

وزیراعظم سے قازقستان کے نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال، وزیراعظم کی مختلف مفاہمتی یادداشتوں اور زیرنوٹ معاہدوں کو حتمی شکل دینے کے لیے ایک وفد آستانہ بھیجنے کی پیشکش

قازقستان کیساتھ مضبوط برادرانہ تعلقات ہیں، دونوں ممالک میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی باہمی خواہش ہے، صدر توکایف کا آئندہ دورہ اسلام آباد سے دوطرفہ تعلقات میں ایک نئے دور کا آغاز ہوگا، شہباز شریف

وفاقی وزیرقانون اعظم نذیرتارڑ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد (روبینہ لیصل سے) قازقستان کے نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ جناب مورات نوتبوجو جاپاکستان کے سرکاری دورے پر وزارتی وفد کی قیادت کررہے ہیں نے منگل کو سہ پہر وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے قازقستان کے نائب وزیراعظم کا پاکستان کے پہلے دورے پر خیرمقدم کرتے ہوئے صدر قاسم جومارت توکایف کیلئے اپنی نیک خواہشات (بقیہ نمبر 27)

میٹیشل جینڈر پیریٹی رپورٹنگ فریم ورک کیلئے حکومتی عزم کی

میٹیشل جینڈر پیریٹی فریم ورک خواہشات یا غیرمتوں کا مجموعہ نہیں، رپورٹنگ کا ایک میکنزم ہے

، جو صوبوں اور برسوں کے مابین تفاتل کو یقینی بنائے گا، وزیرقانون سینیٹر اعظم نذیرتارڑ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیرتارڈ نے کہا کہ میٹیشل جینڈر پیریٹی فریم ورک خواہشات یا غیرمتوں کا مجموعہ نہیں، رپورٹنگ کا ایک میکنزم ہے، جو صوبوں اور برسوں کے مابین تفاتل کو یقینی بنائے گا۔ میٹیشل (بقیہ نمبر 28)

پنجاب بیوروکریسی میں تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

ڈائریکٹر جنرل چائلڈ پروٹیکشن بیورو اسلم شاہد کو کورس کے سلسلہ میں محکمہ سروسز رپورٹ کرنے کی ہدایت

راولپنڈی (کیپٹل نیوز سے) ڈائریکٹر جنرل چائلڈ پروٹیکشن بیورو اسلم شاہد کو کورس کے سلسلہ میں محکمہ سروسز رپورٹ کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ ڈائریکٹر جنرل پی ایچ اے ساجد بال راہ عدیم اختر کو تبدیل کر کے ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 1)

مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر فلڈ لیفٹ سرگرمیاں تیز

سیلاب کی روز بروز صورتحال کی مسلسل مانیٹرنگ کا میکنزم، پی ڈی ایم اے، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو اور ریلیف اور انخلا آپریشن کا عملی بنے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سیلاب زدہ علاقوں میں تاریخی، بے مثال ریسکیو اور انخلا آپریشن کا عملی بنے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ پنجاب کے تمین دریاؤں (بقیہ نمبر 30)

دبئی سے آئیولی نجی ایئرلائن کی پرواز سے چاندی سمگل کرنے کی کوشش ناکام

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والی پرواز میں سوار مسافر کی تلاشی کے دوران 7 کلوگرام چاندی برآمد کی گئی

لاہور (این این آئی) دبئی سے آئیولی نجی ایئرلائن کی پرواز سے چاندی کی بھاری کھیپ سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر پہنچنے والی پرواز میں سوار مسافر کی تلاشی کے دوران 7 کلوگرام (بقیہ نمبر 29)

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف گندم کی ذخیرہ اندوزی کے حوالے سے خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب کا پیرا فورس کو صوبہ بھر میں مسلسل چیکنگ، گندم اور آٹے کے نرخ برقرار رکھنے کیلئے ضروری اقدامات کا حکم

گندم ذخیرہ اندوزوں کو 3 دن کی مہلت

وزیراعلیٰ پنجاب کی زیرصدارت اجلاس، گندم کی ذخیرہ اندوزی کے بارے میں اہم فیصلے اور اقدامات، سٹاک کو ڈکلیئر کرنے کیلئے 3 دن کی مہلت، گندم غیرقانونی طور پر سٹور کرنے والوں کیخلاف قانونی کارروائی کا حکم

گندم بروقت محفوظ مقامات پر منتقل نہ کرنے پر ڈی سی فوڈ عہدے سے فارغ، مخانیوال کے ڈی ایف سی سمیت تمام عملہ معطل، گندم کا سٹاک شوکز کرنیوالوں کیخلاف کوئی کارروائی نہیں ہوگی، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز

لاہور (این این ای) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرصدارت خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے بارے میں اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں سیلاب کی صورتحال کی وجہ سے گندم کی غیرقانونی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کے سختی سے نمٹنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب میں گندم کے سٹاک کو ڈکلیئر کرنے کیلئے تمین دن کی مہلت دی جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمین دن کے بعد گندم غیرقانونی طور پر سٹور کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا حکم دیا ہے۔ اجلاس میں گندم کا سٹاک شوکز کرنے والوں کے خلاف کوئی کارروائی نہ کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حکومت کو عوام کے مفادات کے تحفظ کے لئے اپنی (بقیہ نمبر 9)

صوبائی وزیراطلاعات عظمیٰ بخاری پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کررہی ہیں

گندم اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام حکومت کی اولین ترجیح ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کا دوٹوک مؤقف ہے کہ گندم کا ایک دانہ بھی ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا

فورٹ مالکان کو تین روز کی مہلت، اسٹاک رجسٹریشن نہ کرانے پر سخت کارروائی ہوگی، آٹے کی قیمت پر بھی سختی سے کنٹرول کیا جائے گا

حکومت پنجاب عوام کو مہنگے آٹے کے ذریعے قحط نہیں ہونے دے گی اور روٹی کی قیمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے

صحافیوں پر تشدد کرنے والوں کو فساد بارثی کہیں تو برا مان جاتے ہیں، صوبائی وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی واضح ہدایت ہے کہ گندم کا ایک بھی دانہ ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا۔ خانیوال میں گندم کے نقصان پر وزیراعلیٰ نے سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ڈی سی فوڈ سمیت متعلقہ افسران کو معطل کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں گندم اور آٹے کی کوئی کمی نہیں ہے، خلاف ورزی کرنے والوں کی مہلت دی گئی ہے کہ اپنے اسٹاک کی رجسٹریشن کروائیں، بصورت دیگر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی۔ حکومت پنجاب عوام کو مہنگے آٹے کے ذریعے قحط نہیں ہونے دے گی اور روٹی کی قیمت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ عظمیٰ بخاری نے (بقیہ نمبر 2)

قطر کی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی

اسرائیل کا دوحہ میں جارحانہ اقدام ناقابل جواز

حملے میں حماس کے سینئر رہنما خلیل الحیہ بیٹے اور سیکرٹری بھی شہید، امریکہ کا اسرائیلی حملے پر تبصرہ سے انکار

حملہ سے قبل امریکہ کو اعتماد میں لیا، اسرائیل، حماس کی سینئر رہنماؤں کی شہادت کی تردید، قطر کی حملے کی شدید مذمت

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل فورسز نے دوحہ کے علاقے قطارہ میں فضائی حملہ کر کے فلسطین کی مزاحمتی تنظیم حماس کے سینئر رہنما خلیل الحیہ سمیت 6 افراد شہید جبکہ متعدد زخمی ہوگئے ہیں۔ حملے میں حماس کے سینئر رہنماؤں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ اس حملے میں اسرائیلی بم باری سے دوحہ کا علاقہ کتارا کی چھاؤں سے گونج اٹھا (بقیہ نمبر 4 5)

NPJC کا یوم دفاع پاکستان کی یاد میں من سیمینار

یہ تقریب NPJC سکریٹری ہیومن رائٹس پاکستان جناب خنوبیر احمد کی زیرسرپرستی منعقد ہوئی، جس میں قومی یکجہتی انسانی حقوق پر زور دیا گیا

بیٹیشل پیس اینڈ جسٹس کونسل نے یوم دفاع کے موقع پر سیمینار منعقد کیا، مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا

ایک مضبوط اور خوشحال پاکستان، امن انصاف اور انسانی حقوق کے فروغ کے بغیر ممکن نہیں، سکریٹری ہیومن رائٹس جناب خنوبیر احمد

پاک فوج نے نہ صرف ملک کی سرحدوں کا دفاع کیا ہے بلکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بے مثال قربانیاں بھی دی ہیں

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) بیٹیشل پیس اینڈ جسٹس کونسل (NPJC) نے بروز اتوار کو ریاض ہوٹل ایئرپورٹ میں یوم دفاع پاکستان کی یاد میں ایک امن سیمینار کا انعقاد کیا۔ یہ تقریب NPJC سکریٹری ہیومن رائٹس پاکستان جناب خنوبیر احمد کی زیرسرپرستی منعقد ہوئی، جس میں قومی یکجہتی انسانی حقوق پر زور دیا گیا اور مسلح افواج کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 4 0)

بیٹیشل پیس اینڈ جسٹس کونسل کے چیئرمین میاں عبدالوحید سیمینار سے خطاب کررہے ہیں، بیٹیشل پیس اینڈ جسٹس کونسل کے سکریٹری چوہدری تنویر احمد اور چوہدری بلال احمد کو سابق وزیراعظم نواز شریف میڈیا سیل پیش کررہے ہیں

انتخابی عمل کا بائیکاٹ اپوزیشن کا سیاسی فیصلہ ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

بائیکاٹ جیسے فیصلے عوامی نمائندگی اور ان کے حقوق سے دوری کا باعث بنتے ہیں

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان بھچر نے کہا ہے کہ اپوزیشن کے انتخابی عمل کا بائیکاٹ کرنا ان کا سیاسی فیصلہ اور صوابدید ہے، بائیکاٹ جیسے (بقیہ نمبر 4 6)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان بھچر کی نشست پر ضمنی انتخاب میں ووٹ کاسٹ کررہے ہیں

''ڈرو اُس دن سے جب اوپر والے کی پکڑ ہوگی'' عدالت کے ریمارکس

یہاں تو جوڑ توڑ کرلو مگر اوپر اک اور بھی عدالت ہے وہاں کیسے کرو گے؟ جسٹس محمد اقبال کلہوڑو

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے کہ ''ڈرو اُس دن سے جب اوپر والے کی پکڑ ہوگی'' کی بیک (بقیہ نمبر 7 4)

سیلاب متاثرین کو بجلی کے بلوں میں ریلیف دینے کا فیصلہ

جنرل سیلز ٹیکس، ایف سی سرچارج اور فکس چارجز ختم کرنے پر غور، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سیلاب متاثرین کے لیے بجلی کے بلوں میں ریلیف دینے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت سیلاب متاثرین کے لیے بجلی کے بلوں پر جنرل سیلز ٹیکس، ایف سی سرچارج اور فکس چارجز ختم کرنے پر غور کررہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ پر جنرل سیلز ٹیکس اور ایکسائز ڈیوٹی کے (بقیہ نمبر 3 2)

مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن، درجنوں گھروں اور دکانوں کی تلاشی

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر پشمپارہ و چوہن پولیس نے مختلف علاقوں میں سرچ آپریشن کیا۔ کارروائی میں مقامی پولیس، ایلیٹ فورس، لیڈی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے (بقیہ نمبر 3 3)

سیلاب متاثرین کی بحالی کے لیے سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے پر سینیٹر دنیش کمار کا سخت ردعمل

اقدامات کے وقت افسران کی توجہ صرف ریلیف اور بحالی پر ہونی چاہیے، متاثرین کو ہمدردی، اخلاص اور فوری مدد چاہیے، تشہیری حربوں کی ضرورت نہیں ہے

متاثرہ علاقوں میں افسران کا ویڈیوز اور تصاویر بنانے میں مصروف ہونا افسوسناک عمل ہے، افسران کا طرز عمل متاثرین کے زخموں پر نمک چھڑکنے کے مترادف ہے

حکومت فوری نوٹس لے کر غیرذمہ دار افسران کا احتساب کرے، سینیٹر دنیش کمار نے سینیٹ سیکرٹریٹ میں بحث کیلئے تحریک جمع کرادی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ملک بھر میں سیلاب متاثرین کی بحالی کے بجائے سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے کی سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے پر سینیٹر دنیش کمار نے سینیٹ سیکرٹریٹ میں بحث کے لیے تحریک جمع کرادی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت فوری نوٹس لے کر غیرذمہ دار افسران کا احتساب کرے تحریک کے متن کے مطابق سیلاب متاثرین کی بحالی کے بجائے سول بیوروکریسی اور افسرشاہی کی سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے پر سینیٹر دنیش کمار کی طرف سے نیب و کرپشن کے فوٹو سیشنز اور شہرت پر اظہار افسوس ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دنیش کمار نے سینیٹ میں شہرت کی ہوس کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سیلاب زدگان کی مدد کرنے کے بجائے سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے پر سینیٹر دنیش کمار کی طرف سے سخت ردعمل سامنے آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ملک بھر میں سیلاب متاثرین کی بحالی کے بجائے سول بیوروکریسی اور افسرشاہی کی سوشل میڈیا پر تشہیر کرنے پر سینیٹر دنیش کمار نے بیوروکریسی کے فوٹو سیشنز اور شہرت پر اظہار افسوس کیا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے سینیٹر دنیش کمار نے سینیٹ سیکرٹریٹ میں بحث کے لیے تحریک جمع کرادی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ حکومت فوری نوٹس لے کر غیرذمہ دار افسران کا احتساب کرے تحریک کے متن کے مطابق سیلاب متاثرین کی بحالی کے بجائے سول بیوروکریسی اور افسرشاہی کی

2026ء: دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ ایک اور اہم سنگ میل عبور کر گیا

اگلے سال کے ابتدائی مہینوں میں پراجیکٹ کے مین ڈیم کی تعمیر کیلئے آر سی سی ورکس شروع ہو جائیں گے

چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید کو دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کے دورے پر پراجیکٹ انتظامیہ کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) 2026ء کے اوائل میں زیر تعمیر دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ ایک اور اہم سنگ میل عبور کر گیا۔ اگلے سال کے ابتدائی مہینوں میں پراجیکٹ کے مین ڈیم کے آر سی سی ورکس شروع ہو جائیں گے۔ مذکورہ تاثرات میں تعمیراتی جنرل عبدالقیوم بھی ان کے ہمراہ تھے۔ چیف انجینئر ٹاسک فورس دیامر بھاشا ڈیم کیپٹن، جنرل منیجر دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ اور ڈائریکٹر دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ اور چیف انجینئر کنٹرکٹ آفیسر دیامر بھاشا ڈیم کنسلٹنٹس گروپ کے علاوہ (بقیہ نمبر 1)

9 ستمبر کو پاک فوج نے بھارت کو 3 محاذوں پر شکست سے دوچار کیا

نارووال کے قریب جسر نیل کا دفاع کرتے ہوئے بھارتی فوجوں کو شدید نقصان

اسلام آباد (این این آئی) 9 ستمبر 1965ء جنگ کے 9 روز روز پاک فوج نے بھارت کو 3 محاذوں پر ناقابل فراموش شکست سے دوچار کیا۔ پاکستانی فوج نے نارووال کے قریب جسر نیل کا دفاع کرتے ہوئے بھارتی فوجوں کو شدید نقصان پہنچایا جس میں لیفٹیننٹ کلیم صوفی نے بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت پائی، بھارتی انجینئرز کی ٹیم کو (بقیہ نمبر 2)

لاہور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب پنجاب اسمبلی میں بجٹ کی اشاعت پر عوامی انتخاب میں ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد خوشی کا اظہار کر رہی ہیں۔

بھارتی آبی جارحیت، ستلج میں مزید پانی چھوڑ دیا، سیکڑوں دیہات

پنجاب کے تحصیل جلال پور پیروالا میں تباہی مچادی، 100 سے زائد بستیاں ڈوب گئیں

قصورنقاش (این این آئی) بھارتی آبی جارحیت، دریائے ستلج میں مزید پانی چھوڑ دیا۔ بھارت کی جانب سے پانی چھوڑے جانے پر بیٹ کٹا، سکھ والا پر پانی کی بہاؤ بڑھنے لگا۔ 3 لاکھ 27 ہزار کیوسک کا ریلا گزرنے سے متعدد دیہات زیر آب (بقیہ نمبر 4)

دریائے چناب میں ہیڈ تریموں اور پنجند پر بہاؤ میں کمی آنا شروع

بہاؤ بڑھ کر ایک لاکھ 35 ہزار کیوسک ہوگیا، فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن

لاہور (این این آئی) دریائے چناب میں ہیڈ تریموں اور پنجند پر بہاؤ میں کمی آنا شروع ہوگئی جبکہ گڈو بیراج پر پانی کی آمد میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ گڈو بیراج پر پانی کی آمد بڑھ کر 4 لاکھ 52 ہزار 2 سو کیوسک ہوگئی۔ فلڈ فورکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق ہیڈ تریموں پر بہاؤ کم ہو کر 2 لاکھ کے قریب اور پنجند پر 4 لاکھ 25 ہزار کیوسک رہا۔ دریائے (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ایف بی آر کے امور سے متعلق اجلاس

وزیراعظم کا قازقستان کے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ کی ملاقات

وزیراعظم کی مختلف مفاہمتی یادداشتوں اور زیر غور معاہدوں کو حتمی شکل دینے کے لیے ایک وفد آستانہ بھیجنے کی پیشکش

مضبوط برادرانہ تعلقات ہیں اور دونوں ممالک میں مشترکہ دلچسپی کے متعدد شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کی باہمی خواہش ہے: شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) قازقستان کے نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ جناب مورات نوردنبایو نے وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان کے سرکاری دورے پر وزارتی وفد کی قیادت کر رہے ہیں نے منگل کو سہ پہر وزیراعظم ہاؤس میں وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی۔ وزیراعظم نے قازقستان کے نائب وزیراعظم کا پاکستان کے پہلے دورے پر خیر مقدم کرتے ہوئے، صدر قاسم جوارت کو کاوشے کیلئے اپنی نیک (بقیہ نمبر 6)

کراچی، باتھ آئی لینڈ میں اوگرا ڈائریکٹر کو لوٹ لیا گیا

غلام محمد شاہین اپنے انجینئر عون عباس کے ساتھ آئی لینڈ پیول جا رہے تھے

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کلفٹن باتھ آئی لینڈ میں اوگرا کے ڈائریکٹر لوٹ لیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ گزشتہ روز پیش آیا، پولیس تھانے میں واقعے کا مقدمہ درج کر لیا گیا۔ واقعے کا مقدمہ ڈائریکٹر اوگرا غلام محمد شاہین کی مدعیت میں درج کیا گیا ہے۔ مقدمے کے متن میں کہا گیا ہے کہ ڈائریکٹر اوگرا غلام محمد شاہین اپنے انجینئر عون عباس کے ساتھ اوگرا آفس باتھ آئی لینڈ پیول جا رہے تھے کہ عقب سے 2 موٹر سائیکلوں (بقیہ نمبر 7)

پشاور ہائی کورٹ کا شام کی عدالتیں شروع کرنے کا فیصلہ

مراسلے میں پشاور اور ایبٹ آباد کے جوڈیشل افسران کو ہدایات جاری کر دی گئیں

پشاور (این این آئی) رجسٹرار ایبٹ آباد کے جوڈیشل افسران کو ہدایات جاری کر دی گئیں دوسری شفٹ قائم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ رجسٹرار کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق پشاور اور ایبٹ آباد کے جوڈیشل افسران کو ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ جی شام کی عدالتوں کے (بقیہ نمبر 9)

چین کی مدد سے سمندر کی تہہ میں گیس کے وسیع ذخائر دریافت

گیس کے بڑے ذخائر انتہائی گہرائی کو ادا کر سکتے ہیں: ریٹائرڈ میرل فواد امین

کراچی (این این آئی) پاکستان نیوی کے چین کے تعاون سے ایک اہم سنگ میل عبور کرتے ہوئے سمندر کی تہہ میں گیس کے وسیع ذخائر دریافت کر لیے ہیں۔ اس اہم چین رقت کا انکشاف ریٹائرڈ ایڈمرل (ر) فواد امین نیک نے ایک نجی ٹیلیویژن کو انٹرویو کے دوران کیا۔ ریٹائرڈ میرل (ر) فواد امین نیک کے مطابق پاکستان نیوی نے چین کے اشتراک سے (بقیہ نمبر 10)

709 ملزمان کی گرفتاری سے متعلق رپورٹ پیش

تعلیمی اداروں میں منشیات کیس

صرف آگاہی سے کام نہیں چلے گا، مانیٹرنگ کرنی ہوگی، بچوں کے لنچ باکس چیک کرنے ہوں گے کوئی چیز باہر سے تو نہیں آ رہی، عدالت

وزارت داخلہ، اداروں اور پولیس سے جنوری سے ستمبر 2025ء تک تعلیمی اداروں سے منشیات کے خاتمے کے لیے اقدامات پر پیش رفت رپورٹ 2 ہفتوں میں طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں تعلیمی اداروں میں منشیات کیس میں وفاقی پولیس نے 4 ماہ کے دوران منشیات کے 709 ملزمان کی گرفتاری سے متعلق رپورٹ جمع کروا دی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس اطہر من اللہ نے وفاقی وزارت داخلہ، اداروں اور پولیس سے منشیات کے خاتمے کے لیے کی گئی کاوشوں کی رپورٹ 2 ہفتوں میں طلب کر لی۔ چیف کمشنر علی رضا ملک، ایڈیشنل چیف کمشنر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت اسلام آباد پولیس نے کہا کہ 2 اپریل 2025ء تک پیش کردہ رپورٹ جمع کروائی (بقیہ نمبر 2)

بلاول بھٹو زرداری نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے ہمراہ گڈو بیراج کا دورہ کر رہے ہیں

وفاقی وزارت داخلہ کا پولیس کا کریک ڈاؤن، 20 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف کارروائیوں میں 20 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ملزمان کے قبضے سے بھاری مقدار میں آئس، شراب اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق کراچی کمپنی، سنگجانی، رمنا، گولڑہ، سبزی منڈی، فون، لوہی بھیر اور بہارہ کہو پولیس ٹیموں نے کارروائیاں کیں۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 3)

بھارت نے ستلج میں پھر پانی چھوڑ دیا، قلعہ ملتان کو بچانے کی کوششیں تیز

پنجاب بھر میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریاں نہ رک سکیں، فیصل آباد میں بارش کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا

ملتان کے اطراف دریائے چناب سے متصل بستیوں میں متعدد بستیوں میں 5 سے 10 فٹ پانی موجود، میں کنوم سے بھری ہزاروں بوریاں پانی میں غرق

لاہور (فیصل آباد اکرامی) (این این آئی) بھارت کے دریائے ستلج میں پھر پانی چھوڑ دیا جس کے باعث دریائے ستلج میں بڑے سیلاب کا الرٹ جاری کر دیا گیا، پنجاب بھر میں بارشوں اور سیلاب کی تباہ کاریاں نہ رک سکیں، فلڈ الرٹ جاری کر دیا جس کے باعث دریائے ستلج میں پھر سے بڑے سیلاب کا خدشہ پیدا ہو گیا ہے، دریائے ستلج میں ہر کیلے اور فیروز پور کے مقام پر اونچے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سوسیلی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ڈاکٹر صدنی ملک پاکستان میں آئرلینڈ کی پہلی سفیر محترمہ میری اونیل سے ملاقات کر رہے ہیں

کوہلو، فائرنگ کا اندوہناک واقعہ

میں باپ اور دو بیٹے جاں بحق

کوہلو (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کوہلو کے علاقے اوستا زئی میں معلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کا اندوہناک واقعہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں باپ اور اس کے دو بیٹے موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی لیویز فورس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا گیا۔ لاشوں کو فوری طور پر قریبی اسپتال منتقل کر دیا گیا جہاں ضروری قانونی کارروائی جاری ہے۔

اڈیالہ جیل کے باہر صحافیوں پر تشدد کا کیس، ملزمان کو شناخت پریڈ کیلئے جیل بھیجنے کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت نے اڈیالہ جیل کے باہر صحافیوں پر تشدد کیس میں گرفتار ملزمان کو شناخت پریڈ پر جیل بھیج دیا۔ راولپنڈی کی انسداد دہشتگردی عدالت میں اڈیالہ جیل کے باہر صحافیوں پر تشدد کیس کی سماعت ہوئی، جس دوران گرفتار ملزمان رمیز سرفراز اور چوہدری نوید کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ دوران سماعت (بقیہ نمبر 1)

کچے کے علاقے میں جرائم پیشہ عناصر کا ہتھیار ڈالنے پر غور

حالیہ سیلابی صورتحال ڈاکوؤں کی ہتھیار ڈالنے کی خواہش کی ایک بڑی وجہ ہے

کراچی (این این آئی) دریائے سندھ کے قریب کچے کے علاقوں میں جرائم پیشہ گروہوں کے خلاف جاری آپریشن کے دوران 260 سے زائد ڈاکوؤں نے پولیس سے رابطہ کیا ہے اور ہتھیار ڈالنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے، تاہم انہوں نے حکومت سے ان کی معافی میں دوبارہ شمولیت کے لیے سہولت فراہم کرنے کی مطالبہ کی ہے۔ باخبر ذرائع نے بتایا کہ دریائی علاقوں میں حالیہ سیلابی صورتحال ڈاکوؤں کی ہتھیار ڈالنے کی (بقیہ نمبر 2)

نیب نے بیٹر غرق کیا، سیاسی انتقام کو چھوڑ کر بھی کوئی کرپشن کا جال نہیں

کوئی جج، وہ پولیس افسر ہو یا سی ڈی اے ملازم، جس کو ڈر لگے وہ اپنا تبادلہ کرا لے، جسٹس محسن اختر کیانی

عدالت نے شاہ اللہ دتہ اور سی ٹریفک متاثرین کے معاملے پر سی ڈی اے حکام سے ایک ماہ میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی

لاہور: بگلہ بینش کے ڈیزیرائے نو بہی مورڈا ڈاکٹر خالد حسین کو جامعہ اشرفیہ آمد کے موقع پر مولانا حافظ اسعد عبدالعزیز اشیلڈ دے رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ میں جسٹس محسن اختر کیانی نے کیپٹل ڈیولپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) اور ٹوئی انشاب بیورو (نیب) کے حوالے سے سی ڈی اے کمشنر بے مکانے میں تحت ریمارکس دیتے ہوئے کہا ہے کہ ڈرنے کے بجائے عوام کے مسائل حل کریں جبکہ عدالت نے شاہ اللہ دتہ اور سی ٹریفک متاثرین کے معاملے پر سی ڈی اے حکام سے ایک ماہ میں تفصیلی رپورٹ طلب کر لی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ میں شاہ اللہ دتہ اور سی ٹریفک کے متاثرین کی درخواستوں پر سماعت کے دوران جسٹس محسن اختر کیانی نے کہا کہ نیب نے پہلے ہی بیڑا غرق کر دیا ہے، سیاسی انتقام کو چھوڑ کر بھی نیب کا کوئی پرسان حال نظر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیب کے چیئرمین بیٹھیں، کسی سے نہ ڈریں، لوگوں کی مدد کریں۔ (بقیہ نمبر 3)

وزیراعظم مریم نواز کی رانا ثناء اللہ کو سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد

لاہور (این این آئی) وزیراعظم مریم نواز شریف نے رانا ثناء اللہ کو سینیٹر منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعظم مریم نواز شریف نے پاکستان مسلم لیگ ن اور دیگر اتحادی جماعتوں کے ارکان اسمبلی سے اظہار تشکر کیا ہے۔

الیکشن کمیشن کا سینیٹ انتخاب سے متعلق نوٹیفکیشن حتمی فیصلے سے مشروط ہوگا

پی ٹی آئی رہنما اعجاز چودھری کی نااہلی کے خلاف درخواست تحریری حکم جاری

لاہور (این این آئی) کالعدم پاکیزگرت نے تحریک انصاف کے سینئر رہنما اعجاز چودھری کی نااہلی کے خلاف درخواست پر تحریری حکم جاری کر دیا ہے۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس احمد عدیم ارشد نے 2 صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کیا جس میں کہا گیا (بقیہ نمبر 2)

وفاقی حکومت کا قرض 77 ہزار 888 ارب روپے تک پہنچ گیا

وفاقی حکومت کا قرض مالی سال 2025 میں 13 فیصد بڑھا ہے، اسٹیٹ بینک

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت کے قرضے اور واجبات جولائی تا رخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئے۔ اسٹیٹ بینک نے جون 2025 تک ملک پر قرضوں اور واجبات کے اعداد و شمار جاری کر دیے جس کے مطابق وفاقی حکومت کا قرض مالی سال 2025 میں 13 فیصد بڑھا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق وفاقی حکومت کا قرض جون 2025 تک 77 ہزار 888 ارب روپے رہا، وفاقی حکومت کا قرض جون 2024 میں 68 ہزار 914 ارب روپے تھا۔

راولپنڈی: پنجاب بھر میں موسلا دھار بارش اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے فولڈ الرٹ کی گئی دو ضلع 144 کے نفاذ کے باوجود نیچے اس کے کنارے کھیل رہے ہیں جس سے نکلنے سے ڈاکٹر خطرہ ہے۔

وزیر مملکت تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت و جیہہ قمر کا دیہی سکولوں کا دورہ

مختلف علاقوں بشمول پڈیگوال، ڈنہ، اٹھال، سہال، جدالہ، بین تالہ، پالی اور میرا پگوال میں واقع اسلام آباد ماڈل سکولز اور کالجز میں پودے لگائے گئے

ایک درخت ہر بیٹی کے نام، ایک درخت ہر ماں کے نام اور ایک درخت ہر شہید کے نام، یہ پیغام ہر پاکستانی کے دل کے قریب ہے: وجیہہ قمر

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے بیگل کو وفاقی دارالحکومت کی دو اراضی نویس کونسل پنڈ بیگوال کے دیں سرکاری سکولوں کا دورہ کیا اور پودا لگا کر وزیر اعظم محمد شہباز شریف کے وژن کے تحت شجرکاری مہم "ایک ملین ایک شجر" کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس کام کے تحت مختلف علاقوں بشمول پڈیگوال، ڈنہ، اٹھال، سہال، جدالہ، بین تالہ، پالی اور میرا پگوال میں واقع اسلام آباد ماڈل سکولز اور کالجز میں پودے لگائے گئے۔ گورنمنٹ کی اس اہم کا مقصد نہ (بقیہ نمبر 2)

سیلاب متاثرین کی کشتی الٹ گئی، 3 لاشیں نکال لی گئیں

لیاقت پور میں بند ٹوٹنے سے متاثرہ 2 ہزار افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا

رحیم یار خان (این این آئی) رحیم یار خان کے علاقے لیاقت پور موضع نور والا میں سیلاب متاثرین کی کشتی الٹنے سے 4 افراد ڈوب گئے، 2 خواتین سمیت 3 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ 2 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ لیاقت پور میں بند ٹوٹنے سے تقریباً 16 دیہات سے 2 ہزار افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر دیا گیا۔ مظفر گڑھ میں زیر تعمیر بند بدھ ٹوٹ گیا، متعدد بستیاں پانی میں گھر گئیں اور ہزاروں ایکڑ پر فصلوں کو نقصان ہوا۔ سیلابی پانی نے کئی گھر سے مظفر گڑھ میں مزید شدید بارش سے کئی علاقے پانی میں ڈوب گئے، لوگ گھروں میں محصور ہو کر رہ گئے۔ اطلاعات کے مطابق 4 سے 5 کشتیاں پانی کی لہروں کی نذر ہو گئے، متعدد کشتیاں تاحال پتہ نہ چل سکا۔

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035

اسلام آباد: وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین سے میرپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر نے وزارت صنعت و پیداوار میں ملاقات کی۔

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کا گڈو بیراج کا دورہ

دریائے سندھ میں آنے والے ممکنہ سیلابی ریلے اور موجودہ صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور رپورٹر (طلی نواز شیخ) کندھ کوٹ شکور رپورٹر (طلی نواز شیخ) کندھ کوٹ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ہمراہ وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، سہولیاں وزیر نامدار شاہ، سہیل انور (بقیہ نمبر 4)

نارخوہ خیل کے وفد کی سابق وفاقی وزیر شیخ آفتاب احمد سے ملاقات

چند قدم ملاں منصور پر واقعہ نول پلازا اہل علاقہ کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے

شکریہ سابق چیئرمین حاجی نیم۔ ملک سلیم۔ گلفام احمد۔ شہباز خان سابق کونسلر خالد۔ رشید منیر احمد ۔۔ نے کہا کہ نول پلازہ کے حوالے سے یہ علاقے عوام کے ساتھ ناانصافی ہے اور ایک تو یہ نول پلازہ کے مسائل سے دوچار عوام کی ترجمانی جس میں (بقیہ نمبر 5)

ملاں منصور نارخوہ خیل کا وفد کی شکل میں سابق وفاقی وزیر وچیئرمین ڈیشنل کمیٹی شیخ آفتاب احمد سے ملاقات کر رہا ہے

آئیسکو لائن سٹاف دوران کام 100 فی صد سیفٹی SOPs کو یقینی بنائیں

ضرورت سے زیادہ خود اعتمادی حادثات کا باعث بنتی ہے، چیف انجینئر کیکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان آئیسکو کے مطابق چیف انجینئر کیکو انجینئر چوہدری خالد انصر نے کہا ہے کہ لائن سٹاف آئیسکو کا قیمتی سرمایہ ہے اور کام کے دوران ان کی جان کا تحفظ آئیسکو انتظامیہ کی سب سے اولین ترجیح ہے اور اس سلسلے میں انہیں تمام حفاظتی اور تکنیکی آلات کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے لھوں نے لائن سٹاف کو کہا کہ ان کے خاندان کی خوشیاں ان کے ساتھ منسلک ہے اس لئے وہ یقینی طور پر کام کرتے ہوئے لائنوں پر کام کرتے ہوئے اپنی اور دوسروں کی جان کا تحفظ یقینی بنائیں اور سیفٹی آلات جیسے کے ریڈ کے دستانے بوٹ ہلمٹ بیلٹ اور دیگر سیفٹی آلات کا استعمال یقینی بنائیں ۔پی ٹی (بقیہ نمبر 6)

کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی، چوری شدہ سامان برآمد

مختلف وارداتوں میں برآمد ہونے والا سامان اصل مالکان کے حوالے

کشمور (سید رشید احمد شاہ) کشمور پولیس کی مؤثر کارروائی، چوری شدہ سامان برآمد کر کے اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا۔ یہ کارروائی ایس ایس پی کشمور محمد مراد کھوسو کی خصوصی ہدایات پر ایس ایس پی محمد عاشر کی سربراہی اور انچارج مدگار کشمور صدام (بقیہ نمبر 7)

مصنوعی مہنگائی کے باعث عوام شدید پریشانی کا شکار ہیں

کامرہ، حضرو گروفوج میں آٹے کی قیمت میں ہوشربا اضافہ

مصنوعی مہنگائی کرنے والوں کے خلاف پنجاب حکومت کا سخت ایکشن

حضرو (ملک یاسر سے) پنجاب حکومت کا عوام اور عوام کو آٹا سٹاک کر کے پریشان کرنے اور ریٹ کو بڑھا کر آٹا فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کو عمل میں لاتے ہوئے اپنے قریبی سیل کو اتھاری (بقیہ نمبر 8)

لاہور: مشیر وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ خان پنجاب اسمبلی کے اجلاس میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سیکسلا میں 9 سالہ گھریلو ملازمہ پر تشدد، سی پی او راولپنڈی کا نوٹس لیا

ملزم گرفتار، متاثرہ بچی کا علاج و معائنہ اور چائلڈ پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ کے حوالے

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ سیکسلا کے علاقے میں 9 سالہ گھریلو ملازمہ پر تشدد کے واقعہ کا نوٹس لیا گیا ہے۔ ایس ایس پی راولپنڈی کے مطابق ڈی پی او سیدہ خالد جمالی نے نوٹس لے لیا۔ انہوں نے ایس پی پوٹھوہار سے رپورٹ طلب کرتے ہوئے ٹھوس قانونی کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ کی اطلاع ایک شہری کے ذریعے دی گئی۔ سی پی او سیدہ خالد جمالی نے کہا کہ (بقیہ نمبر 9)

تھانہ سنگجانی پولیس کی کارروائی، راہزنی میں ملوث گروہ کے دو اراکان گرفتار

وارداتوں میں استعمال اسلحہ، نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد

اسلام آباد (این این آئی) تھانہ سنگجانی پولیس نے راہزنی کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو اراکان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے قبضے سے چھینی گئی نقدی، موبائل فون، موٹر سائیکل اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ بمعہ ایمونیشن برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی سنگجانی کی ہدایت پر تھانہ سنگجانی کی ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے ملزمان کی شناخت عبدالرحمٰن اور نقیب کے ناموں سے ہوئی ہے۔ جو جڑواں شہروں میں اسلحے کی نوک پر شہریوں کو لوٹنے کی وارداتوں میں ملوث تھے۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پیاشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔
رابطہ۔0309-7900035

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
ABC
ماہنامہ خواتین میں عورت کا نمائندہ ماہنامہ طلبہ میں طالبعلم کا نمائندہ

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

یوم فضائیہ اور یوم بحریہ

ہر سال ستمبر کا پہلا عشرہ پاکستان کی تاریخ کے ان یادگار لمحات کو تازہ کرتا ہے جب ہماری مسلح افواج نے بے مثال جرات، قربانی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کیا۔ 6 ستمبر 1965ء کو بھارت نے رات کی تاریکی میں پاکستان پر جارحیت کی کوشش کی، لیکن پاک افواج نے ہر محاذ پر دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ چاگرنا بھی فوج کو پسپائی اختیار کرنا پڑی اور دنیا نے دیکھا کہ پاکستانی قوم اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے سیسہ پلائی دیوار ہے۔ چھ ستمبر کو ملکی جوش و جذبے کے ساتھ یوم دفاع پاکستان منایا جاتا ہے۔ یوم فضائیہ: 7 ستمبر یوم شہداء فضائیہ ملک بھر میں ایئر ہیمر پر منایا گیا۔ مرکزی تقریب ایئر ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ہوئی جہاں سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے شہداء کو خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاک فضائیہ خلائی صلاحیتوں، الیکٹرانک وار فیئر اور سائبر ٹیکنالوجی کے ذریعے مادر وطن کی فضائی سرحدوں کے دفاع کے لیے پرعزم ہے۔ ایم ایم عالم جیسے ہیروز نے ایک منٹ میں دشمن کے پانچ جنگی طیارے گرا کر تاریخ رقم کی۔ یہی حوصلہ اور قربانی پاک فضائیہ کی پہچان ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار احمد خان نے کہا تھا کہ اگر دشمن دوبارہ مہم جوئی کرے تو اس بار طیارے گرائے جانے کا سکور 60 ہوگا۔ وزیر اعظم نے بھی پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ مہارت اور جرات کو خراج تحسین پیش کیا۔ یوم بحریہ 8: ستمبر یوم بحریہ پاکستان نیوی کی شجاعت کو یاد کرنے کا دن ہے۔ 1965ء کی جنگ میں آپریشن دوارکا نے تاریخ رقم کی۔ پاک بحریہ کے سات جنگی جہاز بغیر کسی ریڈیو سگنل کے دشمن کے علاقے میں داخل ہوئے اور صرف چند منٹوں میں دوارکا ریڈار اسٹیشن کو مکمل تباہ کر دیا۔ اس کارروائی نے نہ صرف بھارتی فضائیہ کو اندھا کر دیا بلکہ پاکستان نیوی کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور جرات کو امر کر دیا۔ آج بھی یہ آپریشن پاک بحریہ کی تاریخ کا روشن باب ہے۔ 6 ستمبر، 7 ستمبر اور 8 ستمبر وہ ایام ہیں جو پاکستانی قوم کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ ہماری بری، بحری اور فضائی افواج وطن عزیز کے تحفظ کے لیے ہر لمحہ تیار ہیں۔ شہداء کی قربانیاں مشعلِ راہ ہیں اور انہی کی بدولت پاکستان آج بھی سربلند اور ناقابلِ تسخیر ہے۔

رحمت اللعالمین اور عدل و احسان

تحریر: حضرت سید محمد وجیہ السماع
عرفانی چشتی

رحمت کے مزاج میں ہمہ گیری، وسعت اور اہدیت ہے، رحمت کا اطلاق اور مفہوم کچھ مکمل اور انداز و حدود پر ہوتا ہے جس کے دائس کی تاثر کی ہی ایک کے لیے نئی زندگی کا پیغام اور ہر سانت لیکا سعادت تازہ کی نوید ہو قرآن تکیم کے ابر باراں کو رحمت سے تعبیر کیا۔ وھو الذی ینزل الغیث من ھم بعد ما قنطوا ویشر رحمتہا لطفوری (28 کا نکات انسانی جب فضاوں کی تنگی کا باعث مایوس ہو جاتی ہے، پانی کے خشک ہونے جاتے ہیں ہزہ عل الفتاء ہے، رگیہ صرحلیلسا نے لگتی ہے، پرند سے پانی کی نایابی کے باعث ہوتی تھیں کسی پودے کی زندگی کی امید سے بے بہرہ ہو گئی ہے۔ تو یہ اللہ تعالیٰ ہی ہوتا ہے جو آسمان کی فضاوں کو جھوتے بادلوں سے بھر دیتا ہے، پاس کو امید ہے اور امید کو یقین سے بدل دیتا ہے پھر بہت بارش کو پھوار پڑنے لگتی ہے، تو فضا میں زندہ ہو اٹھتی ہیں، ہوائیں بیدار ہو جاتی ہیں، زمین ایک نئی حیات کی شرمندی سے مالا مال ہوتی ہے، اتنی تا اتنی ایک نئی زندگی کے منفون پھیل جاتے ہیں، مٹی خوشبو دینے لگتی ہے، پانی اور پھر یہ ستاوال، یہ پھیلتی ہوئی بارش یہ تو فضا میں زندہ ہو اٹھتی ہیں، ہوائیں بیدار ہو آئندہ زندگی کی حال بن جاتی ہے اور تیجیہ کے لیے ہو جاتے ہے۔ ہر طرف ہریالی، ہر جانب سبزہ، پودے پتے اور ہر شاخ کی منتہا تک ہر رگ تاک میں دوڑتی ہوئی نئی رفتہ بخش ایک بہار ایک تازگی ایک زندگی کو فرش زمین کے ہر گوشے سے فضائے آسمان کی ہر وسعت تک دوڑ جاتی ہے۔ اسی ہمہ گیر زندگی، اسی دوڑتی ہوئی تازگی، اسی پھیلتی ہو ئی نمود اور اسی پھیلتی ہوئی حیات نو کا نام اللہ ہے شانہ نے رحمت کے لفظ مبارک سے تعبیر کیا ہے اس طرح رحمت ہی جو ہمہ گیر ہے بھی ہے وسیع بھی ہے اور ہر چیز کو محیط ہے تعبیر کیا ہے بھی اور اس کے تعلیم اور تمرات کو ساری کا نکات دیکھتی اور محسوس کرتی ہے اور اس سے متاح اندوز ہوتی ہے۔ بیشتر رحمتیں کا علوم بھی ہیں۔

پھر ہوا ہے کہ ہر ذی روح کی زندگی کا انحصار اسی پر ہے یہ کا نکات میں موجود ہے، ہر آسے جانے والی سانس میں برگ و باری ہر ذرہ میں نمود و ظہور کے ہر پرتو میں، اس کی ہمہ گیری، وسعت اور ہمہ جہتی کے لیے ارشاد فرمایا

- یرسل الریح بشرا م بین یدی رحمتہ (الاعراف: 7) وہ ایک خشنری دھوائیں بھیجتا ہے کہ وہ اس کی رحمت عرفان و راہ کے لر حوالی عظیم تکیم ہے، جان وجود موجود ہے کہ اس کے صفات تک تعالیٰ کی رحمت وہ عدم سے افوار شہود تک ہر شے پر حاوی ہوتا ہے۔ اس میں علم کا نکات بھی ہے علم بمانے رب کا نکات بھی ہے کہ ارشاد فرمایا۔ اللہ الذی خلق سبع سموتا ومن الارض مثلھن یتنزل الامر بینھن لتعلموا ان اللہ علی کل شیئ قدیر (7 یہ علم سامل کرو، کہ اللہ جل شانہ غالب شی ہے یا ایک تکت بھی، تو عرفان و آگہی جن کی شی وقتی تکمیل کے اس الاصولہ ہے اجتہا، تعبیر فوائد و برکت کو، کہ ازل سے ابد تک، مکاں سے لامکاں تک اور زماں سے خاتمِ زماں تک پھیلا ہوا ہے۔ رحمت ہی سے تعبیر فرمایا کہ ارشاد فرمایا

- انتہ رحم من جیوتہ واھلہ من لنا علما الانکھت: (65 ہم نے فضائے کن فیکون سے کنار کر اپنی رہا کا تخصیص سے بھی عطا فرمایا ہے، تو یہ ہم نے اپنے پاس رحمت ہی عطا فرمائی ہے، تو یہ ہم نے اپنے پاس رحمت ہی عطا فرمائی ہے، پھر یہی رحمت ہی تو الہیٰ ہمہ گیر کہ فرمایا: بھا (کلل شی) الخلق (89 یہ ہر ایک شے کو واضح کرتی ہے جس فرمایا وھسیتنا (کلل شی) الانعام (154 ہر ایک شے کو کھول کر بیان کرتی ہے۔ لیھما حدی و نورا (المائدہ (44 اس میں ہدایت بھی ہے روشنی بھی۔ حکم بھا النبیون الذین اسلموا (المائدہ) (44

وھدی ورحم (الانعام (154 اللہ تعالیٰ کی وہی رحمت عقل ہدایت تھی، رحمت بھی ہے کہ ہر شے کا بیان ہے ہر خبر کی تفہیم، ہر نعمت کی وسعتیں ہے، ہر حالتِ کی رہنمائی ہے، ہر ایک کے لیے ہے سب کے لیے ہے ہر زمانے کے لیے، ہر فرد کے لیے۔ جنگلات اجاڑ دیے، دریاں اور ندی نالوں کے راستے تنگ کر دیے۔ قدرتی رکاوٹیں ختم ہو گئیں تو بارش اور گلیشیئر پگھلنے کے بعد پانی کے ریلے سیدھا بستیوں اور کھیتوں اور چڑھ دوڑے۔ دوسری طرف قحل اور وقت وارنگ اور ریسکیو کے موثر انتظامات نہ ہونے کی وجہ سے جانی نقصان بڑھ گیا۔

انڈیا کے بارے میں اکثر کہا جاتا ہے کہ اس نے آبی جارحیت کی، لیکن حقیقت یہ ہے کہ وہاں کے ایسے سوچے ہوئے پلان پر دبش مشرقی پنجاب بھی نہ زیر آب ہیں۔ وہاں کے لیے بھی نہیں آئے گا۔

پھر ہر رنگ وجود سے اعلیٰ نظم عدل کو بنیادی محور رکھا گیا ہے، اور ہر جہت کا سلام ہے تاکہ قائم نہ ہے کہ زحوالی زندگی کی فراہمی اور قوانین وضوابط کے اطلاق، اصولوں کی عمل داری فرد سے فرد کے معاملے، فرد کے معاشرے کے ساتھ علائق، ان سب اور ہر جہت سے کہ تو ملت، ملک، معاشرے اور گروہ چیتی کی بھلائی ہے، اسی بنیادی محور کو مضبوط بھی مضوط تھی رہا اور اسلام کا یہی اسی کے دے، کیونکہ جہاں عدل نہیں وہاں ظلم ہے اور جہاں ظلم ہے وہاں بدنصیبی ہے نتیجہ، اور وہ تو رحمت تمام ہیں۔ عالمین کے لیے ان کے رحمت ہونے کا تقاضا ہی یہ تھا، کہ وہ عدل کو قائم فرماتے، اور انہوں نے اسے خوب سے خوب ترین انداز میں قائم فرمایا، اس میں اب واقعات واحادیث پاک کی تفصیل کیا عرض کی جائے، شرح کرو، تو نہ اتنا کہ فضول ہو جائے، اور نہ اتنا کہ، کہ تخیل کلواء، اللہ کا دیا ہوا رزق خوب کھاو پیئو، لیکن نہ دیانا تا کہ برداشت نہ ہو، نہ اتنی مقدار کہ ضرورت ہی پوری نہ ہو، سال فتاج کے ساتھ مروت کر دو تو نہ اتنی کہ۔ فکلھ ملوا محموا (بنی اسرائیل: (29 یہ اشہ ضرورت کے لیے بھی کچھ نہ رہے، اور نہ یوں ہو کہ کسی کو کچھ دیا ہی نہ جائے، نمازیں پڑھی ہیں، ضرور، ہر ضرور لیکن جان پر بوجھ کے زکوٰۃ بنا کر نہیں بلکہ احکام کے مطابق، عبادات بھی ہوں، ساتھ روزہ کا اور معاش بھی

آئیکموسیچن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 10 ستمبر 2025ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد(نیشنل عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیکو) کے ترجمان کے مطابق 132 کے وی گرڈ سٹیشن ریلوے کالونی کے 11 کے وی فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، ڈاکٹر ٹاؤن فیڈر، اٹک سرکل، آئیکو، کیڈٹ سول، ڈاکٹر ٹاؤن فیڈر اور گروڈ اسٹیشن جنڈ میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس کے باعث بجلی معطل رہے گی۔ آئیکو انتظامیہ نے معزز صارفین سے بجلی کی عارضی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے بجلی کا عمل معطل ہونے کی صورت میں بجلی کی بحالی کیلئے مقررہ شیڈول کے مطابق عمل کیا جائے گا۔

آئیکو کے مطابق 10 ستمبر 2025ء کو 132 کے وی گرڈ سٹیشن کا شیڈول

07:00 سے 12:00 تک	11 کے وی فیڈر ریلوے کالونی
07:00 سے 12:00 تک	11 کے وی فیڈر ڈاکٹر ٹاؤن
07:00 سے 12:00 تک	11 کے وی فیڈر اٹک سرکل
07:00 سے 12:00 تک	11 کے وی فیڈر کیڈٹ سول
07:00 سے 12:00 تک	11 کے وی فیڈر آئیکو

بقیہ 1

اقدامات کیے جا رہے ہیں اور کسی کو عوامی امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جا رہی۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ کسی بھی مشکوک سرگرمی یا بیگر پر فوری طور پر سیف الائن پکار 15 پر دیں۔

بقیہ 9

اقدامات کا دورہ ڈھالی بیج سے شام ساڑھے 5 بجے تک مقرر کیے گئے ہیں۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ شام کی عدالتیں سول نوعیت کے مجرمانہ کیسز میں ضمانت کے معاملے کو سامنے رکھ کر ان کے علاوہ ان عدالتوں میں غیشیات کے مقدمات کا جائزہ لیں گی۔ جن میں ملزمان اور بااثر شخصیات کی گرفتاری اور مزید ریمانڈ کی درخواست دی جائے گی۔ ساتھ ہی ایسے شاہد کیسز جن کی سٹنگی SOPs کی عمل درآمد نہ کرنے والے افراد کے خلاف محرر پر مقدمات کا روائی عمل میں لائی جائے گی۔ ایک ہی رسوخ اور پیسے کو دین تباہ کرنے کا ذریعہ بنا دیا گیا ہے۔ جس کے نتیجے میں معزز شہریوں کو انصاف کے حصول کے لیے عدالتوں کے چکر لگانے پڑتے ہیں اور درخت کاٹ کر پاکستان کو تباہ کرنے والے افراد کو سزا دی جائے۔ ہر جرم کی کوئی قیمت ہوتی ہے اور ہم اس کی قیمت ادا کرنے کو تیار ہیں۔ ہم نے ماضی میں ایک ایسا پاکستان بنایا ہے جس میں ایٹمی اثاثے محفوظ ہیں اور دشمن کا سامنا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ہم نے